gsk do more feel better live longer

گلیکسو اسمتھ کلائن کنزیومر ہیلتھ کیئر پاکستان لمیٹڈ

حتمی کیش ڈیویڈنڈ (D-4) کی براہِ راست ادائیگی برائے سال مختتمہ 31 دسمبر 2020

گلیکسو اسمتھ کلائن کنزیومر ہیلتھ کیئر پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) نہایت مسرت کے ساتھ اعلان کرتی ہے کہ کمپنی نے 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے سال کے لیے حتمی کیش ڈیویڈنڈ بحساب 50 فیصد کی شرح (-/5 روپے فی شیئر) 4 مئی 2021 کو الیکٹرونک ذرائع سے براہِ راست اُن اہل شیئر ہولڈرز کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹس میں جمع کروادیئے گئے ہیں جنہوں نے اپنے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) مکمل تفصیلات کے ساتھ کمپنی کو مہیا کیے تھے۔

مزید مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی نے کمپنیز ایکٹ 2017 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن اینڈ ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017 کی تعمیل میں ایسے شیئر ہولڈرز کے ڈیویڈنڈز روک لیے ہیں جنہوں نے کمپنی کو کیش ڈیویڈنڈ جمع کروانے کے لیے اپنے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ CNIC اور/ یا اپنے متعلقہ بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات کمپنی کو فراہم نہیں کی ہیں۔

کمپنی کی جانب سے روکے گئے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے لیے فزیکل شیئرز کے حامل شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ مطلوبہ تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کردیں۔ سی ڈی سی (CDC) کے حامل شیئر ہولڈرز مطلوبہ تفصیلات سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز/سی ڈی ایس شراکت دار کو فراہم کریں۔

حسب الحکم بورڈ

مشعل محمد

کمپنی سیکریٹری

کراچی

مورخہ 5 مئی 2021